# MODEL QUESTION PAPER 2013 - 2014

## URDU SPECIAL

## Class X دسویں

TIME : 3 Hours | M.M. 100

**ہدایات :-**

(i) سبھی سوالوں کے جواب تحریر کرنا ضروری ہے۔

(ii) جوابات صاف اور خوشخط لکھیں۔

(iv) تمام سوالات کے سامنے نمبر درج ہیں۔

سوال1- ایک جملے میں جواب دیجیے؟ 5

(1) عمر بھر محنت کرکے جیکسن نے کیا جمع کیا؟

(2) پدمنی کون تھی؟

(3) بادشاہ کی کتنی لڑکیاں تھیں؟

(4) سرسید نے تیرنا کس سے سیکھا؟

(5) ڈوب جانے والی ٹرین میں سوار ہونے والے مسافروں کی تعداد کتنی تھی؟

سوال2- درج ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کیجیے؟ 5

پرندے، سحرالبیان، سرو، قمریاں، بسنت،

(1) میر حسن کی شہرت کا تمام و کمال دارومدار مثنوی............... پر ہے۔

(2) اکڑتا گئے.............................سب اپنا بھول۔

(3) اڑانے لگیں.............................سر پہ دھول۔

(4) بہار.............................آئی۔

(5) باغوں کا ہر.............................۔

سوال3- درج ذیل صحیح جملوں کے آگے (✓) اور غلط جملوں کے آگے (X) کا نشان لگائیے۔ 5

(1) کلام میں کسی چیز کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا مبالغہ کہلاتا ہے۔ ( )

(2) جس میں کسی کام کا ہونا پایا جائے فاعل کہلاتا ہے۔ ( )

(3) کلام میں کسی تاریخی یا پرانے واقعہ کی طرف اشارہ کرنا تلمیح کہلاتا ہے۔ ( )

(4) اُلٹے معنے والے الفاظ تضاد کہلاتے ہیں۔ ( )

(5) جاں نثار تقسیم ہند کے بعد بھوپال آگئے۔ ( )

سوال4- صحیح رابطہ قائم کیجئے۔ 5

| | | |
|---|---|---|
| (1) حفیظ جالندھری | - | سرسید کی خادمہ |
| (2) علامہ اقبال | - | شاعر انقلاب |
| (3) محمد حسین آزاد | - | ساقی نامہ |
| (4) جوش ملیح آبادی | - | نیچرل شاعری |
| (5) مسماۃ ماں بی بی | - | شاہنامہ اسلام |

سوال5- صحیح جواب چن کر لکھیے؟ 5

(1) بادشاہ کے سوال کا جواب نہیں دیا۔

(I) تیسری لڑکی نے (II) پہلی لڑکی نے

(III) دوسری لڑکی نے (Iv) سب سے چھوٹی لڑکی نے

(2) جاپانی اپنا مکان بناتے ہیں۔

(I) پتھروں سے (II) لکڑی اور کاغذ سے

(III) مٹی سے (Iv) لوہے سے

(3) افسانے کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

(I) بیسویں صدی میں (II) بارھویں صدی میں

(III) چودھویں صدی میں (Iv) پندرھویں صدی میں

(4) مبارک قدم کی مثال دی ہے۔

(I) موسیٰ کے قدموں سے (II) عیسیٰؑ کے قدموں سے

(III) خضر کے قدموں سے (Iv) الیاسؑ کے قدموں سے

(5) دوہے میں مصرعے ہوتے ہیں۔

(i) دو (ii) چار

(III) گیارہ (Iv) تیرہ

سوال6- چھوٹی لڑکی کو بادشاہ نے کہاں چھوڑ کر آنے کا حکم دیا؟ 2

یا

اپنی تنخواہ کا بیشتر حصہ شیلا کہاں خرچ کرتی تھی؟

سوال7- بھولا رات کے وقت کہاں چلا گیا تھا اور کیوں؟ 2

یا

سرسید نے بچپن میں کون کون سے کھیل کھیلتے تھے؟

سوال8- جاپان میں چائے بنانے اور پیش کرنے کے فن پر روشنی ڈالیے؟ 4

یا

فن گفتگو کے کیا تقاضے ہیں؟

سوال9- درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے لکھے سوالوں کے جواب دیجئے؟ 4

آداب گفتگو میں پہلی شرط سننے والوں کو ان کی اہمیت کا احساس دلا کر ان سے گفتگو کرنا یعنی لوگوں کو ساتھ لے کر ایک کارواں بنانے کی ہے۔ اکیلے چل نکلنے کی نہیں۔ دوسری شرط بات کے دلچسپ ہونے کی ہے اس کے معنی خواہ مخواہ مسخرا بننے کی نہیں۔

(1) درج بالا اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھیے؟

(2) آداب گفتگو میں پہلی شرط کیا ہے؟

(3) اقتباس کی تشریح کیجئے؟

یا

آخر میں یہ فیصلہ کیا کہ میں یہ اعتراف نامہ لکھ کر اپنے والد کو دوں گا اور ان سے معافی کی درخواست کروں گا۔ میں نے سارا واقعہ ایک کاغذ پر لکھ کر انہیں دے دیا۔ اس رقعہ میں میں نے نہ صرف اپنے جرم کا اعتراف کیا بلکہ یہ خواہش بھی کی کہ مجھے اس کی کافی سزا دی جائے۔ اور آخر میں ان سے درخواست کی کہ میرے قصور کے بدلے اپنا دل نہ کڑھائیں اور اس بات کا عہد کیا کہ کبھی چوری نہ کروں گا۔

(1) گاندھی جی نے اپنے جرم کا اعتراف کس طرح کیا؟

(2) سبق کا نام اور مصنف کا نام لکھیے؟

(3) اقتباس کی تشریح کیجئے؟

سوال9- درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے؟ 4

(1) داستان

(2) افسانہ

سوال10- کسی ایک مصنف کی سوانح حیات لکھئے۔ 4

(1) راجندر سنگھ بیدی

(2) میر امن

(3) قرۃ العین حیدر

سوال12- بسنت کا باغوں اور پھولوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟ 2

یا

جمیل اختر نقوی کو کون سے اعزازات سے نوازا گیا؟

سوال13– شاعر نے دل کو زمانی کشتی کیوں کہا ہے؟ 2

یا

شاعر کو کون سی گلی گوارا ہے اور کیوں؟

سوال14– درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے خصوصیات کلام پر روشنی ڈالیے؟ 4

(1) ڈاکٹر سر محمد اقبال

(2) مجروح سلطان پوری

(3) میر حسن

سوال15– درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے؟ 2

(i) ہم نے بھی سہے ہیں وہ لمحہ
ہر گزشتہ صدی پہ بھاری ہے

(ii) اگر مرتے ہوئے لب پر نہ تیرا نام آئے گا
تو میں مرنے سے در گزرا میرے کس کام آئے گا

سوال16– مندرجہ ذیل اصناف میں کسی ایک کی تعریف لکھیے؟ 4

(1) غزل

(2) مثنوی

(3) نظم

سوال17– مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجیے؟ 4

(الف) کوئی دیکھ یہ حال روتے گی
کوئی غم سے جی اپنا کھوتے گی
کوئی جلبلاتی سی پھرتے گی
کوئی ضعف ہو ہو کے گرتے گی

(ب) عقل نے ایک دن یہ دل سے کہا
بھولے بھٹکے کی رہنما ہوں میں

ہوں زمیں پہ گذر فلک پہ مرا
دیکھ تو کس قدر رسا ہوں میں

سوال18– ماحولیاتی آلودگی کتنے قسم کی ہوتی ہے؟ 2

یا

عظیم آباد کے اسکول کی کیا خصوصیات تھیں؟

سوال19– تیزابی بارش کسے کہتے ہیں؟ 4

یا

غالب کی شاعری کو آفاقیت کیوں حاصل ہے؟

سوال20– دل نے اپنے آپ کو کس مرض کی دوا کہا ہے؟ 2

یا

آتش گر کسے کہتے ہیں؟

سوال21– فعل کی تعریف لکھئے؟ اور اس کی قسموں کے نام لکھئے؟ 4

یا

تلمیح کسے کہتے ہیں؟ مثالی شعر بھی لکھیے؟

سوال22– درج ذیل واحد الفاظ کے جمع اور جمع الفاظ کے واحد لکھئے؟ (کوئی پانچ) 4

اخبار، فلک، قبور، ممالک، شاعر، سبق، استاد

یا

درج ذیل الفاظ کی ضد لکھئے (کوئی پانچ)

دشمن، عام، پاک، قدیم، نقصان، برباد، تاریکی

سوال23– اپنے پرنسپل کو فیس معافی کی درخواست لکھئے؟ 5

یا

اپنے والد کو پڑھائی کی اطلاع دیتے ہوئے خط لکھئے؟

سوال24– مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے؟ 10

(1) میرا دلچسپ سفر

(2) سائنس رحمت یا زحمت

(3) ماحولیاتی آلودگی

(4) میرا محبوب مشغلہ

سوال25– درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے کے سوالوں کے جواب لکھیے؟ 5

ہر طرف اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ ایک روشنی آئی اور اندھیرے غائب ہو گئے۔ ہر محلے میں تعلیم کا شہرہ ہو گیا۔ تعلیم کے نور نے سب کی کایا پلٹ دی۔ مگر پھر تعلیم کے مرکز پر اس اندھیرے نے حملہ کیا۔ معاشیات میں سود نے جگہ لے لی۔ علمیت میں تکبر سر ابھارنے لگا۔ اور تعلیمات میں سرد مہری نے ننھے بچوں کے مستقبل کو تاریک کرنے پر آمادہ ہو گئی۔

(1) ہر طرف کیا چھایا تھا؟

(2) شہروں اور محلوں میں کس چیز کا شہرہ ہو گیا؟

(3) معاشیات میں کس چیز نے جگہ لے لی؟

(4) علم کے میدان میں کیا چیز سر ابھارنے لگی؟

(5) درج بالا اقتباس کا عنوان تجویز کیجیے؟

☆☆☆

# MODEL ANSWER PAPER2013 - 2014

## URDU SPECIAL

## Class X دسویں

**TIME : 3 Hours** **M.M. 100**

جواب1- ایک جملے میں جواب

| | | |
|---|---|---|
| (1) | تھوڑے بہت پیسے جمع کیے تھے۔ | 1 |
| (2) | پیدو پر مصحف کی جو گرانی تھی۔ | 1 |
| (3) | بادشاہ کی چار لڑکیاں تھیں۔ | 1 |
| (4) | سر سید نے تیرنا اپنے والد سے سیکھا | 1 |
| (5) | لوٹ کے جانے والی ٹرین میں سوار ہونے والے مسافروں کی تعداد دو سو تھی۔ | 1 |

جواب2- خالی جگہیں

| | | |
|---|---|---|
| (1) | سحرالبیان | 1 |
| (2) | سرو | 1 |
| (3) | قمریاں | 1 |
| (4) | بہشت | 1 |
| (5) | پرندہ | 1 |

جواب3- صحیح یا غلط

| | | |
|---|---|---|
| (1) | ✓ | 1 |
| (2) | X | 1 |
| (3) | ✓ | 1 |
| (4) | ✓ | 1 |
| (5) | X | 1 |

جواب4- جوڑی ملایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| (1) | شاہنامہ اسلام | 1 |
| (2) | ساقی نامہ | 1 |
| (3) | نیچرل شاعری | 1 |
| (4) | شاعر انقلاب | 1 |

(5) سرسید کی خادمہ 1

جواب5- صحیح جواب چن کر لکھیے

(1) سب سے چھوٹی لڑکی نے 1

(2) لکڑی اور کاغذ سے 1

(3) بیسویں صدی میں 1

(4) خضر علیہ السلام 1

(5) دو 1

جواب6- بادشاہ نے چھوٹی لڑکی کو ایسے جنگل میں چھوڑ کر آنے کا حکم دیا جہاں کوئی آدمی یا آدم زاد نہ ہو۔ 2

یا

جواب شہلا کپور نے اپنی آمدنی سے نادار لڑکیوں کے لیے ایک اسکول کھول رکھا تھا جس میں وہ ان لڑکیوں کو پڑھنا لکھنا اور سینا پرونا سکھاتی تھیں۔

جواب7- بھولا رات کے وقت اپنے ماموں کو ڈھونڈنے چلا گیا تھا۔ کیونکہ اس نے دن میں اپنے دادا جی سے کہانی سنی تھی اور انھوں نے کہا تھا کہ دن میں کہانی سننے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔ 2

یا

بچپن میں سرسید نے گیند بلا، کبڈی، گیڑیاں، آنکھ مچولی، جنگل جلیبی وغیرہ کھیل کھیلے تھے۔

جواب8- جاپان میں چائے بنانے اور پیش کرنے کے فن کے اسکول ہوتے ہیں۔ ایک خاص طرح کی کیتلی میں تیار کی جاتی ہے۔ چائے پیش کرنے والی لڑکیاں پہلے آ کر جھک کر بیٹھ جاتی ہیں پھر ایک چینی کے پیالے میں ہرے رنگ کا گاڑھا جوشاندہ (چائے) پیش کرتی ہیں۔ 4

یا

فن گفتگو کے کچھ تقاضے ہیں یہ فن فرصت چاہتا ہے، ریاض چاہتا ہے۔ موقع محل دیکھتا ہے۔ زبان کے اسالیب اور لہجوں سے آشنائی کا مطالبہ کرتا ہے۔

جواب9- (الف) آداب گفتگو میں.............................شعر اسننے کی ہیں

(1) یہ اقتباس "گفتگو کے آداب" سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف آل احمد سرور ہیں۔ 1

(2) آداب گفتگو میں پہلی شرط سننے والوں کو ان کی اہمیت کا احساس دلا کر ان سے گفتگو کرنا ہے۔ 1

(3) اقتباس کی تشریح طلبا اپنی صلاحیت سے کریں گے۔ 2

یا

(ب) آخر میں یہ فیصلہ.............................ذکر کروں گا۔

(1) گاندھی جی نے ایک اعتراف نامہ لکھ کر اپنے والد کو دیا اور ان سے معافی کی درخواست کی۔ 1

(2) یہ اقتباس "چوری اور اس کا کفارہ" سبق سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف سید عابد حسین ہیں۔ 1

(3) اقتباس کی تشریح طلبا اپنی صلاحیت سے کریں گے۔ 2

نوٹ:-سوالوں کے جواب لکھنے پر 1-1 نمبر

تشریح لکھنے پر 2 نمبر

جواب10- (ا) داستان 4

داستان ایک طویل اور مسلسل قصے کو کہتے ہیں۔اس میں واقعات کو پُرکشش انداز میں پیش کیا جاتا ہے۔تاکہ پڑھنے والے کی دلچسپی برقرار رہے۔داستان میں سیدھی سادی باتوں کے علاوہ مافوق الفطرت واقعات بھی بیان کیے جاتے ہیں۔جن میں دیو،پری اور جن وغیرہ کے حیرت انگیز کارنامے بیان کیے جاتے ہیں۔داستانیں ناول اور افسانوں کے دور سے پہلے لکھی گئیں۔

**یا**

(ا) افسانہ نگاری

افسانہ ایک ایسی نثری صنف ہے جو ایک ہی نشست میں پڑھا یا سنا جا سکے۔ماہرین کے مطابق افسانوں کے کردار ہماری زندگی اور تجربوں سے مطابقت رکھتے ہیں۔افسانہ اس کہانی کو کہتے ہیں جن میں زندگی کی سچائیوں کا بیان ہوتا ہے۔افسانے کا باقاعدہ آغاز بیسویں صدی کی ابتدا میں ہوا۔

جواب11- **راجندر سنگھ بیدی** ۱۹۵۱ء سے ۱۹۸۴ء 4

سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم کے بعد رامپور چلے گئے۔بعد میں بمبئی چلے آئے۔اور فلموں کے لئے لکھنے لگے ان کی تصانیف میں "دانہ ودام"،"گرہن"،"کوکھ جلی"،"اپنے دکھ مجھے دے دو"،"ہاتھ ہمارے قلم ہوئے" اور ایک ناول ایک چادر میلی سی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

**میر امن**

میر امن دلی کے رہنے والے تھے جب دلی کے حالات خراب ہوئے تو وہ کلکتہ پہونچے اور فورٹ ولیم کالج میں ملازم ہو گئے۔یہاں انھوں نے گلکرسٹ کی فرمائش پر فارسی کی مشہور داستان "قصہ چہار درویش" کا اردو میں ترجمہ کیا۔اور "باغ وبہار" نام رکھا۔یہ اردو نثر کے شاہکاروں میں شمار کی جاتی ہے۔میر امن کے یہاں الفاظ کا ذخیرہ ہے اور وہ اسے بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیتے ہیں۔

**قرۃ العین حیدر-ولادت: ۱۹۲۷ء وفات: ۲۰۰۷ء**

قرۃ العین حیدر علی گڑھ میں پیدا ہوئیں۔میٹرک اور بی اے تک تعلیم بنارس اور دہرہ دون میں حاصل کی۔1947ء میں لکھنؤ یونیورسٹی سے انگریزی میں ایم اے کیا۔آرٹ اور ادب کی مزید تعلیم کے لیے لندن چلی گئیں۔وہاں مشہور انگریزی اخبار "ٹیلی

گراف" اور بی۔ بی۔ سی (ریڈیو) سے وابستہ رہیں۔ ان کے افسانوں کا پہلا مجموعہ "ستاروں سے آگے" 1947ء میں اور پہلا ناول "میرے بھی صنم خانے" 1949ء میں منظر عام پر آیا۔ انھیں ساہتیہ اکادمی ایوارڈ، گیان پیٹھ ایوارڈ، اور پدم بھوشن کے خطاب سے نوازا جا چکا ہے۔

نوٹ:- مصنف کی سوانح حیات لکھنے پر نمبرات کی تقسیم اس طرح کی جائے۔

- پورا نام، پیدائش، جگہ، سن اور وفات پر — 1 نمبر
- تعلیم و تربیت اور ملازمت پر — 1 نمبر
- ادبی خدمات و تصانیف پر — 1 نمبر
- طرز تحریر کی خصوصیات اور اعزاز پر — 1 نمبر

جواب 12- بسنت آنے پر باغ میں چاروں طرف ہریالی چھا جاتی ہے اور رنگ برنگے پھول ہر سمت کھلے ہوئے نظر آتے ہیں۔ 2

یا

جمیل اختر کو مختلف صوبائی اعزازات کے علاوہ بیشتر مقامی اعزازات سے بھی نوازا جا چکا ہے۔

جواب 13- شاعر نے دل کو نازک کشتی اس لیے کہا ہے کہ وہ اگر ایک بار ٹوٹ جائے تو دوبارہ نہیں بنتا۔ 2

یا

شاعر کو شب ہجراں کی سختی بھی گوارا ہے کیونکہ اس تڑپ میں کم سے کم محبوب کا نام تو بار بار لب پر آئے گا۔

جواب 14- **اقبال** ولادت: 1877ء وفات: 1938 4

اقبال سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ لاہور میں تعلیم کے دوران پروفیسر آرنلڈ سے فلسفے کی تعلیم حاصل کی۔ 1905ء میں یورپ کا سفر کیا۔ اور 1908ء میں ہندوستان واپس آئے۔ حکومت برطانیہ نے انھیں "سر" کا خطاب عطا کیا۔ اس کے علاوہ بھی انھیں مختلف اعزازات سے نوازا گیا۔ لاہور میں انتقال ہوا۔ اردو میں ان کے شعری مجموعے بانگ درا، بال جبریل، اور ضرب کلیم ہیں۔ ارمغان حجاز ان کے فارسی اور اردو کلام کا مشترک مجموعہ ہے۔

**مجروح سلطان پوری** ولادت: 1919ء وفات: 2000ء

اسرار حسن خاں نام اور مجروح تخلص تھا۔ وہ گنجہری سلطان پوری (یو پی) میں پیدا ہوئے۔ اردو فارسی کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد لکھنؤ چلے گئے اور طبابت کی سند حاصل کی۔ جلد ہی طبابت ترک کر دی اور شعر و سخن پر طبع آزمائی کی۔ مجروح سلطان پوری غزل گو شاعر کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ ان کے شعری مجموعے "غزل" اور "مشعل جاں" نام سے شائع ہوئے۔

**میر حسن** ولادت: 1727ء وفات: 1786ء

میر حسن کے خاندان کے لوگ ایران سے آکر دلی میں بس گئے تھے۔ ان کی شہرت کا دارومدار مثنوی سحرالبیان پر ہے۔ میر حسن

کی شاعری میں جذبات نگاری، واقعات نگاری، جزئیات نگاری اور اس عہد کی تہذیبی اور معاشرتی زندگی کی عکاسی بھرپور نظر آتی ہے میر حسن کا انتقال فیض آباد میں ہوا۔

جواب15- (نوٹ) حوالہ لکھنے پر آدھا نمبر

تشریح لکھنے پر ڈیڑھ نمبر

(I) حوالہ۔یہ شعر جمیل اختر نقی کی غزل سے ماخوذ ہے۔

(II) یہ شعر شاد عظیم آبادی کی غزل سے ماخوذ ہے۔

نوٹ:۔طلبا اپنی صلاحیت سے تشریح کریں کے مناسب ہونے پر نمبر دیے جائیں۔

جواب16- **غزل کی تعریف** 4

غزل عربی زبان کا لفظ ہے جس کے لغوی معنی محبوب سے باتیں کرنا ہیں۔لیکن آہستہ آہستہ غزل اپنے حدود دائرے سے باہر آئی اور اس میں ہر طرح کے مضامین داخل ہو گئے اور آج غزل اردو کی سب سے مقبول صنف سخن ہے۔

ہیئت کے اعتبار سے غزل کا پہلا شعر مطلع ہوتا ہے اس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے اسے مقطع کہتے ہیں۔غزل میں کم سے کم پانچ شعر ضروری ہیں۔

**مثنوی کی تعریف**

مثنوی مسلسل اشعار کے ایسے مجموعے کو کہتے ہیں جس کے ہر شعر کے دو مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور ہر شعر میں الگ قافیہ لایا جاتا ہے۔ہیئت کے اعتبار سے مثنوی کا ہر شعر ایک مطلع ہوتا ہے۔مثنوی کے اشعار کی تعداد مقرر نہیں ہے اردو میں طویل اور مختصر دونوں طرح کی مثنویاں لکھی گئی ہیں مثنویوں میں عام طور پر درج ذیل اجزا ہوتے ہیں۔حمد، مناجات، نعت، منقبت، حاکم وقت کی مدح، اپنی شاعری کی تعریف، مثنوی لکھنے کا سبب، قصہ یا واقعہ، خاتمہ۔

**نظم کی تعریف**

نظم شاعری کی وہ شکل ہے جس میں قصہ، واقعہ، کوئی تجربہ یا خیال تسلسل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔نظم کے معنی ترتیب و آرائش، یکجا کرنے کے ہیں۔عام طور پر نظم کا ایک مرکزی خیال ہوتا ہے جس کے اردگرد پوری نظم کا تانا بانا بنا جاتا ہے۔نظم کے لیے نہ ہیئت کی کوئی قید ہے اور نہ موضوعات کی۔ہیئت کے اعتبار سے نظم کی کئی قسمیں ہو سکتی ہیں۔ان میں پابند نظم، نظم معرا، آزاد نظم، نثری نظم خاص ہیں۔

جواب17- 4

نوٹ:۔ نظم کا حوالہ لکھنے پر 1 نمبر

بند کی تشریح لکھنے پر 2 نمبر

(1) حوالہ:- یہ بند میر حسن کی مثنوی سحر البیان سے ماخوذ ہے۔

(2) یہ بند اقبال کی نظم "عقل و دل" سے ماخوذ ہے۔

نوٹ:- بند کی تشریح طلبا اپنی صلاحیت سے کریں گے مناسب ہونے پر نمبر دیے جائیں گے۔

جواب18- 2

ماحولیاتی آلودگی کئی قسم کی ہوتی ہے۔ کارخانوں اور فیکٹریوں سے نکلنے والے مادّہ نے ہوا پانی اور زمین کو زہریلا کرنا شروع کر دیا۔ اب اتنی زیادہ مقدار میں زہریلی گیس، ہوا میں شامل ہو گئیں اور جب ہم سانس لیتے ہیں تو یہ زہریلی ہوائیں ہمارے جسم میں داخل ہو جاتی ہیں۔

یا

شاد عظیم آبادی نے عظیم آباد میں شاعری کا ایک نیا اسکول قائم کیا۔ لطافت بیان شوخی ادا کے ساتھ ساتھ پاکیزگی خیالات اس اسکول کی نمایاں خصوصیت ہے۔

جواب19- 4

ہمارے کارخانے اور موٹر گاڑیوں سے خارج ہونے والی گیسوں میں زیادہ مقدار کاربن مونو آکسائڈ، نائٹروجن ڈائی آکسائڈ، نائٹرس آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کی ہوتی ہے۔ ان میں سے کچھ گیس تیزاب کی شکل میں زمین پر آتی ہیں۔ ایسی بارش کو تیزابی بارش کہا جاتا ہے۔

یا

غالب نے اردو غزل میں ایک نیا رنگ و آہنگ پیدا کیا۔ ایک مفکر شاعر کی حیثیت سے غزل کے محدود دائرے میں رہ کر غالب نے زندگی کی حقیقتوں کو نہایت پُر لطف انداز میں بیان کیا ہے۔ اسی لیے غالب کو تمام شعرا میں آفاقیت حاصل ہے۔

جواب20- 2

جب انسان زیادہ علم حاصل کرتا ہے تو اس کے دل میں بے کلی پیدا ہو جاتی ہے یعنی وہ اور آگے کے بارے میں سوچتا ہے اور دل اس کے اس مرض کی دوا بن جاتا ہے۔

یا

آہن گر لوہار یعنی لوہے کی چیزیں بنانے والے کو کہتے ہیں۔

جواب21- 4

فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو جیسے

کمیل پڑھ رہا ہے۔ موہن کھیل رہا ہے

فعل کی پانچ قسمیں ہیں:

(1) فعل معروف (2) فعل مجہول (3) فعل لازم

(4) فعل متعدی (5) فعل ناقص

یا

**تلمیح :-**

کلام میں کسی مشہور تاریخی واقعہ، مقام، نام یا کسی روایت کی طرف اشارہ کرنے کو تلمیح کہتے ہیں۔ مثلاً:

ابن مریم ہوا کرے کوئی

میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

جواب22- واحد/جمع۔(نوٹ) ہر ایک لفظ پر ایک نمبر دیا جائے۔ 5

(1) خبر

(2) املاک

(3) قبر

(4) ملک

(5) شعرا

(6) اسباق

(7) اساتذہ

یا

متضاد الفاظ:- (نوٹ) ہر ایک تضاد پر 1 نمبر دیا جائے

(1) دوست

(2) خاص

(3) ناپاک

(4) جدید

(5) تلخ

(6) آباد

(7) روشنی

جواب23- **درخواست** 5

مخاطب پر 1 نمبر

مضمون پر — 1 نمبر

نفس مضمون پر — 1 نمبر

خاتمہ پر — 1 نمبر

یا

خط -

پتہ و تاریخ پر — 1 نمبر

القاب و آداب پر — 1 نمبر

نفس مضمون پر — 1 نمبر

خاتمہ پر — 1 نمبر

جواب 24- — 10

تمہید پر — 3 نمبر

ایجاد و وجوہات، نفس مضمون پر — 5 نمبر

نتیجہ/خاتمہ پر — 2 نمبر

جواب 25- — کل 5

نوٹ:- ہر ایک صحیح جواب پر ایک نمبر دیا جائے۔

(1) ہر طرف اندھیرا چھایا تھا۔ — 1

(2) شہر گاؤں اور محلّوں میں تعلیم کا شہرہ ہو گیا تھا۔ — 1

(3) معاشیات میں سود نے جگہ لے لی۔ — 1

(4) علم کے میدان میں تکبر سر ابھارنے لگا۔ — 1

(5) جدید تعلیم — 1

☆☆☆